چالیس صحیح احادیث

اردو ترجمہ کے ساتھ

محمد عارف المئوي

١۔ اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَ جَنَّةُ الْکَافِرِ۔ (صحیح مسلم: ٢٩٥٦)

ترجمہ: دنیا ایمان والوں کے لیے قید خانہ اور کافروں کے لیے جنت ہے۔

٢۔ لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَاطِعٌ۔ (صحیح البخاري :٥٩٨٤)

ترجمہ: رشتہ توڑنے والا جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

٣۔ مَنْ لَا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ۔ (صحیح البخاري :٥٩٩٧)

ترجمہ: جو رحم نہیں کرتا، اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

٤۔ کُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ۔(صحیح البخاري :٦٠٢١)

ترجمہ: ہر نیکی صدقہ ہے۔ بخاری شریف:٦٠٢١

٥۔ لَا یُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَاحِدٍ مَرَّتَیْنِ۔(صحیح البخاري :٦١٣٣)

ترجمہ: ایمان والا ایک سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

٦۔ خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَ عَلَّمَهُ۔(صحیح البخاري :٥٠٢٧)

ترجمہ: تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن کو سیکھے اور سکھائے۔

محمد عارف السوتی

۷۔ كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ غَرِيْبٌ أَوْ عَابِرُ سَبِيْلٍ-(صحيح البخاري :٦٤١٦)

ترجمہ: تم دنیا میں اس طرح رہو گویا کہ تم اجنبی یا مسافر ہو۔

۸۔ حُجِبَتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ وَ حُجِبَتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ-(صحيح البخاري :٦٤٨٧)

ترجمہ: دوزخ کو خواہشاتِ نفسانی سے اور بہشت کو مشقت اور ناگواری کی چیزوں سے ڈھانپ دیا گیا ہے۔

۹۔ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ-(صحيح البخاري :٦٠٥٦)

ترجمہ: چغل خور جنت میں نہیں جائے گا۔

۱۰۔ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى أَكُوْنَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَ وَلَدِهِ وَ النَّاسِ أَجْمَعِيْنَ-(صحيح البخاري :١٥)

ترجمہ: تم میں کا کوئی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہو سکتا جب تک کہ میں اس کے لیے اس کے والد، اس کی اولاد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

١١۔ لَا يَقْضِيَنَّ حَكَمٌ بَيْنَ اثْنَيْنِ وَ هُوَ غَضْبَانُ- (صحيح البخاري :٧١٥٨)

ترجمہ: فیصلہ کرنے والا دو فریق کے درمیان غصہ کی حالت میں ہرگز فیصلہ نہ کرے۔

١٢۔ أَلَا إِنَّ اللهَ يَنْهَاكُمْ أَنْ تَحْلِفُوْا بِاٰبَائِكُمْ، فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللهِ وَ إِلَّا فَلْيَصْمُتْ- (صحيح البخاري :٦١٠٨)

ترجمہ: خبردار!!! تم لوگوں کو اللہ پاک نے اپنے آباؤ اجداد کی قسم کھانے سے منع کیا ہے۔ لہذا قسم کھانے والے کو چاہیے کہ وہ اللہ کی قسم کھائے ورنہ تو خاموش رہے۔

١٣۔ يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَ الْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَ الْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ- (صحيح البخاري :٦٢٣١)

ترجمہ: چھوٹا بڑے کو، گزرنے والا بیٹھے ہوئے کو اور کم لوگ زیادہ لوگوں کو سلام کریں۔

١٤۔ وَاللهِ إِنِّيْ لَأَسْتَغْفِرُ اللهَ وَ أَتُوْبُ فِيْ الْيَوْمِ أَكْثَرَ مِنْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً- (صحيح البخاري :٦٣٠٧)

ترجمہ: اللہ کی قسم میں دن بھر میں ستر سے زائد مرتبہ توبہ اور استغفار کرتا ہوں۔

۱۵۔ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ:اَللّٰهمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَ الْخَبَائِثِ- (صحيح البخاري :٦٣٢٢)

ترجمہ: نبی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بیت الخلاء میں داخل ہونے سے پہلے یہ دعا پڑھتے: اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الخُبُثِ وَ الْخَبَائِثِ۔

۱۶۔ مَنْ قَالَ سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ فِيْ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ- (صحيح البخاري :٦٤٠٥)

ترجمہ: جس نے دن بھر میں سو مرتبہ سبحان اللہ و بحمدہ کہا تو اس کے گناہ مٹا دیئے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔

۱۷۔ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ أَنْ يَّجْلِسَ- (صحيح البخاري :٤٤٤)

ترجمہ: جب تم میں کا کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نماز پڑھے۔

۱۸۔ يَسِّرُوْا وَ لَا تُعَسِّرُوْا وَ بَشِّرُوْا وَ لَا تُنَفِّرُوْا- (صحيح البخاري ٦٩:)

ترجمہ: تم آسانیاں پیدا کرو اور تنگی میں نہ ڈالو، خوشخبری دو اور نفرت نہ دلاؤ۔

۱۹۔ إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ:أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَ يَثْبُتَ الْجَهْلُ، وَ يُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَ يَظْهَرَ الزِّنَا- (صحيح البخاري : ٨٠)

ترجمہ: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ بھی ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت پھیل جائے گی، شراب کھلم کھلا پی جائے گی اور زنا عام ہو جائے گا۔

۲۰۔ إِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَقُلْ: اَللّٰهمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَ إِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلْ: اَللّٰهمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ-[صحيح مسلم :٦٨-(٧١٣)]

ترجمہ: جب تم میں کا کوئی شخص مسجد میں داخل ہو تو کہے! اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ اور جب نکلے تو یہ کہے: اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔

۲۱۔ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ لَا يَأْمَنُ جَارُهُ بَوَائِقَهُ-[صحيح مسلم : ۷۳-(٤٦)]

ترجمہ: جنت میں وہ شخص داخل نہیں ہوگا جس کی ایذا رسانیوں سے اس کا پڑوسی محفوظ نہ رہے۔

۲۲۔ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ مَنْ كَانَ فِيْ قَلْبِهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مِنْ كِبْرٍ-(صحيح مسلم :١٤٩) {٩١}

ترجمہ:جس شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا۔

۲۳۔ مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا-(صحيح البخاري : ۷۰۷۰-۷۰۷۱)

ترجمہ: جس نے ہمارے خلاف ہتھیار اٹھایا وہ ہم میں سے نہیں۔

۲٤۔ إِنَّ اللّٰهَ لَا يَنْظُرُ إِلٰى صُوَرِكُمْ وَ أَمْوَالِكُمْ وَ لٰكِنْ يَنْظُرُ إِلٰى قُلُوْبِكُمْ وَ أَعْمَالِكُمْ-[صحيح مسلم :٣٤-(٢٥٦٤)]

محمد عارف السوحی

ترجمہ: بلاشبہ اللہ تعالیٰ تمھاری صورتوں اور اموال کو نہیں دیکھتا، بلکہ وہ تمھارے دلوں اور اعمال کو دیکھتا ہے۔

۲۵۔ يَا أَيُّهَا النَّاسُ تُوْبُوْا إِلَى اللّٰهِ فَإِنِّيْ أَتُوْبُ إِلَى اللّٰهِ فِيْ الْيَوْمِ مِائَةَ مَرَّةٍ۔ [صحیح مسلم :۴۲-(۲۷۰۲)]

ترجمہ: اے لوگو!!! اللہ سے توبہ کرو، اس لیے کہ میں بھی دن بھر میں سو بار توبہ کرتا ہوں۔

۲۶۔ مَنْ سَأَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَ إِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ۔ [صحیح مسلم :۱۵۷-(۱۹۰۹)]

ترجمہ: جس نے صدقِ دل سے اللہ سے شہادت طلب کی تو اللہ پاک اسے شہداء کے مرتبہ کو پہنچا دے گا اگرچہ وہ اپنے بستر پر ہی وفات پائے۔

۲۷۔ لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا وَ لَوْ أَنْ تَلْقٰى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ۔ [صحیح مسلم :۱۴۴-(۲۶۲۶)]

ترجمہ: تم کسی بھی نیکی کو حقیر نہ سمجھو اگرچہ وہ تمھارے بھائی سے خندہ پیشانی کے ساتھ ملنا ہی کیوں نہ ہو۔

۲۸۔ إِنَّ اللهَ لَيَرْضٰى عَنِ الْعَبْدَ أَنْ يَأْكُلَ الْأَكْلَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا- [صحيح مسلم : ۸۹-(۲۷۳٤)]

ترجمہ: اللہ پاک اس بندے سے خوش ہوتا ہے جو کھانے یا پینے کے بعد اللہ کی تعریف بیان کرتا ہے۔

۲۹۔ مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِهِ- [صحيح مسلم : ۱۳۳-(۱۸۹۳)]

ترجمہ: جس شخص نے کسی نیکی کی طرف رہنمائی کی تو اس نیکی کرنے والے کی طرح اسے بھی اجر ملے گا۔

۳۰۔ مَنْ رَاٰنِيْ فِي الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِيْ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَتَمَثَّلُ بِيْ- [صحيح مسلم : ۱۰-(۲۲٦٦)]

ترجمہ: جس نے خواب میں مجھے دیکھا تو اس نے مجھے ہی دیکھا، اس لیے کہ شیطان میری شکل میں نہیں آ سکتا۔

۳۱۔ مَنْ لَّا يَرْحَمِ النَّاسَ، لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ-[صحيح مسلم : ٦٦-(٢٣١٩)]

ترجمہ: جو شخص لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ اس پر رحم نہیں کرتا۔

۳۲۔ إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحَاسِنَكُمْ أَخْلَاقاً-[صحيح مسلم : ٦٨-(٢٣٢١)]

ترجمہ: تم میں سب سے بہتر وہ لوگ ہیں جو اخلاق کے اعتبار سے سب سے بہتر ہوں۔

۳۳۔ مَنْ يُّحْرَمِ الرِّفْقَ يُحْرَمِ الْخَيْرَ- [صحيح مسلم :٧٤-(٢٥٩٢)]

ترجمہ: جو شخص نرمی سے محروم رہا، وہ بھلائی سے محروم رہا۔

۳۴۔ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ-(صحيح البخاري :١٢٣)

ترجمہ: جس شخص نے اس مقصد سے قتال کیا کہ اللہ کا کلمہ بلند رہے تو وہ اللہ کے راستے میں ہے۔

۳۵۔ مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهِ خَيْرًا يُّصِبْ مِنْهُ- (صحيح البخاري :٥٦٤٥)

ترجمہ: اللہ پاک جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ کرتے ہیں، تو اسے آزمائش میں مبتلا کر دیتے ہیں۔

۳۶۔ مَنْ صَلَّى الْبَرْدَيْنِ دَخَلَ الْجَنَّةَ- (صحيح البخاري :٥٧٤)

ترجمہ: جس نے عصر اور فجر کی نماز پڑھی، تو وہ جنت میں داخل ہو گا۔

۳۷۔ لَا يُؤْمِنُ أَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِأَخِيْهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ- (صحيح البخاري: ١٣)

ترجمہ: تم میں کا کوئی شخص کامل مومن نہیں ہو سکتا، یہاں تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

۳۸۔ آيَةُ الْإِيْمَانِ حُبُّ الْأَنْصَارِ وَ آيَةُ النِّفَاقِ بُغْضُ الْأَنْصَارِ- (صحيح البخاري : ١٧)

ترجمہ: انصار سے محبت رکھنا ایمان کی علامت ہے اور انصار سے عداوت رکھنا نفاق کی علامت ہے۔

۳۹۔ آيَةُ الْمُنَافِقِ ثَلَاثٌ:إِذَا حَدَّثَ كَذَبَ، وَ إِذَا وَعَدَ أَخْلَفَ، وَ إِذَا اؤْتُمِنَ خَانَ- (صحيح البخاري :۳۳)

ترجمہ: منافق کی نشانی تین ہے: بات کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ کرے تو پورا نہ کرے اور جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرے۔

۴۰۔ سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَ قِتَالُهُ كُفْرٌ- (صحيح البخاري : ٤٨)

ترجمہ: مسلمان کو گالی دینا فسق اور اسے قتل کرنا کفر ہے۔